روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

# الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

جمعہ 27 مارچ 2015ء 6 جمادی الثانی 1436 ہجری 27 امان 1394 ھش جلد 65-100 نمبر 71

## سو سے زیادہ مجالس

حضرت جابر بن سمرہؓ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سو سے زیادہ مجالس میں بیٹھا ہوں۔ ان میں صحابہؓ اشعار پڑھتے تھے اور زمانہ جاہلیت کے قصے سناتے تھے۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خاموشی سے سنتے تھے اور کبھی کبھی ان کے ساتھ تبسم بھی فرماتے تھے۔

(جامع ترمذی کتاب الادب باب فی انشاد الشعر حدیث نمبر:2777)

# اخلاق عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت خواجہ عبدالرحمان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود تحریر کرتے ہیں کہ

خاکسار نے بفضل خدا حضور کی زندگی بیرون خانہ بھی دیکھی ہے اور میں سچ سچ کہتا ہوں کہ میں نے حضور کو بیرون خانہ اپنے احباب کے حلقہ میں بہت زیادہ خوش وخرم پایا۔ نسبت اس کے کہ آپ اپنے گھر میں اپنے اہل وعیال کے درمیان ہوں۔ میں سمجھتا ہوں کہ اصل اہل وعیال آپ کے نزدیک آپ کے احباب ہی تھے۔

واللہ گھر میں آپ کی خوشی کی وہ کیفیت نہیں دیکھی۔ جیسی گھر کے باہر اپنے احباب کے درمیان۔

میں کیا کروں اور اپنے دل کو کس طرح منواؤں کہ آپ کو اپنی جسمانی اولاد سے اپنی روحانی اولاد کی نسبت زیادہ محبت والفت تھی اور کیونکر اپنے دل کو فریب دوں۔ جبکہ میں نے اپنی آنکھوں سے بغور مشاہدہ کیا کہ اندرون خانہ تو آپ......غم دین میں متفکر معلوم ہوتے تھے۔ لیکن جب آپ باہر احباب میں تشریف لاتے۔ تو اس خوشی میں کہ اللہ تعالیٰ احیاء دین حق کے لئے ایک جماعت تیار فرما رہا ہے آپ کا چہرہ مبارک خوشی سے سرخ اور درخشاں ہوجاتا۔ اس وجد آفریں سرور کو میری زبان اور قلم بیان کرنے سے قاصر ہے۔ جو خاکسار کو آپ کی کیفیت کو دیکھ کر حاصل ہوتا تھا۔

گھر میں آپ کم کلام کرتے اور نہ خندہ ہوتے۔ لیکن باہر آکر اپنے احباب کی مجلس میں نہایت خوش ہوتے۔ اور اثنائے گفتگو میں جب کوئی لطیفہ آجائے تو آپ ہنس بھی پڑتے۔

غرض یہ ہرگز باور کرنے کو تیار نہیں ہوں کہ آپ کو روحانی اولاد سے اپنی جسمانی اولاد کی نسبت ایک ذرہ بھی کم الفت ومحبت تھی۔ ہاں میرے خیال میں روحانی اولاد سے زیادہ محبت تھی۔

(الحکم 7 جون 1934ء)

## علمی خزانے

حضرت مسیح موعود کی آمد کے متعلق جو علامات بیان فرمائی گئی تھیں۔ ان میں سے ایک علامت تھی کہ مسیح مال تقسیم کرے گا مگر اسے قبول کرنے والا کوئی نہ ملے گا۔ اس حدیث پاک میں مال سے مراد دراصل علمی خزانے تھے جن کو حضرت مسیح موعود نے بڑی کثرت سے تقسیم کیا ہے یہ روحانی خزائن آپ کے متبعین کے لئے روحانی زندگی کا عظیم سرمایہ ہیں۔ آپ کی کتب کے بغیر قرآن کریم اور احادیث پاک کو سمجھنا ناممکن ہے۔ کیونکہ یہ کتب الٰہی تائید وراہنمائی میں لکھی گئی ہیں جیسا کہ آپ فرماتے ہیں:۔

''یہ رسائل جو لکھے گئے ہیں تائید الٰہی سے لکھے گئے ہیں۔ میں ان کا نام وحی والہام تو نہیں رکھتا مگر یہ تو ضرور کہتا ہوں کہ خدا تعالیٰ کی خاص اور خارق عادت تائید نے یہ رسالے میرے ہاتھ سے نکلوائے ہیں''

(سر الخلافہ۔ روحانی خزائن جلد 8 صفحہ 6)

اللہ تعالیٰ ہم سب کو حقائق ومعارف کے اس خزانے سے وافر حصہ لینے کی توفیق عطا فرمائے۔

(مرسلہ: نظارت اشاعت ربوہ)

## واقفین نو متوجہ ہوں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے واقفین نو کو وقف نو کی کلاس میں نصیحت کرتے ہوئے فرمایا:

''وقف نو کا ٹائٹل لگا کر سافٹ ویئر انجینئرنگ، کمپیوٹر سائنس میں جانے کی بجائے پہلی ترجیح جامعہ میں جانے کی ہونی چاہئے۔ اس کے بعد ڈاکٹرز، انجینئرز یا کسی دوسری فیلڈ میں جانے کا سوچیں''۔

(روزنامہ الفضل 10 جولائی 2013ء)

واقفین نو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد پر لبیک کہتے ہوئے اپنے آپ کو امسال جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے ابھی سے تیار کریں۔

(وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ)

پبلشر وپرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ............ مطبع: ضیاء الاسلام پریس ............ مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ............ قیمت 5 روپے

# خطبہ نکاح مورخہ 20 جنوری 2013ء

## بیان فرمودہ: حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے 20 جنوری 2013ء کو بیت فضل لندن میں درج ذیل نکاح کا اعلان فرمایا۔

تشہد وتعوذ اور مسنون آیات قرآنیہ کی تلاوت کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا:

اس وقت میں جس نکاح کا اعلان کروں گا یہ عزیزہ کاشفہ عثمان ہاشمی بنت مکرم صابر عثمان ہاشمی صاحب کراچی کا ہے جو عزیزم عطاء الرزاق ابن مکرم عبدالخالق تعلق دار صاحب یو کے کے ساتھ گیارہ ہزار پونڈ حق مہر پر طے پایا ہے۔ عزیزہ کاشفہ عثمان ہاشمی کے وکیل مکرم سید عبدالمالک صاحب ہیں۔

لڑکی کے خاندان سے تو میں پوری طرح واقف نہیں لیکن میرا خیال ہے کہ ان کا پنجاب سے زیادہ تعلق ہوگا۔

حضور انور نے دریافت فرمایا کہ پنجاب سے ہے یا بہار سے بھی ہے؟ عرض کیا گیا کہ بچی کی والدہ بہار سے تھیں۔ فرمایا ٹھیک ہے کچھ تعلق پھر بہار سے بھی ہو گیا اور لڑکا جو ہے یہ بھی ننھیال کی طرف سے پنجابی ہے۔ ددھیال کی طرف سے بنگالی اور بہاری دونوں رشتے میرا خیال ہے پائے جاتے ہیں۔ اس لحاظ سے گو کہ دونوں خاندانوں میں دو مختلف کلچر پہلے بھی آئے ہوئے ہیں لیکن احمدی خاندان میں جو اصل چیز ہونی چاہئے وہ مقامی یا برادری یا علاقے کا کلچر نہیں بلکہ تقویٰ ہے اور اسی کی طرف اللہ تعالیٰ نے نکاح کے موقعہ پر بار بار یاددہانی کروائی ہے۔ اگر اس کو سامنے رکھا جائے تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے رشتے نبھتے بھی ہیں اور آگے آئندہ نسلیں بھی نیک اور جماعت سے اور دین سے تعلق رکھنے والی ہوتی ہیں۔ اللہ کے فضل سے یہ خاندان جن میں رشتہ طے پا رہا ہے جماعت سے خاص تعلق رکھنے والے اور نہ صرف تعلق رکھنے والے بلکہ خدمت کرنے والے خاندان ہیں۔ لڑکے کے نانا شیخ مبارک احمد صاحب تھے۔ یو کے کی جماعت میں لوگ ان کو جانتے ہیں، پرانے یہاں رہنے والے تھے۔ اسی طرح ان کے دادا بھی جب بنگال سے ہجرت کر کے آئے تو ربوہ میں رہے اور اللہ کے فضل سے وقف جدید میں بڑا لمبا عرصہ خدمت کی۔ تو اللہ تعالیٰ کے فضل سے جیسا کہ میں نے کہا کہ خدمت کرنے والا خاندان ہے اور جماعت سے خاص تعلق بھی ہے۔ اللہ کرے کہ یہ جو رشتے قائم ہو رہے ہیں یہ بھی اپنے بزرگوں کے نقش قدم پر چلتے ہوئے نہ صرف جماعت میں تعلق میں آگے نکلنے والے ہوں بلکہ جماعت کے لئے خدمت کا جذبہ بھی رکھنے والے ہوں اور آئندہ ان کی نسلیں بھی اس جذبہ سے پروان چڑھیں اور ہمیشہ ان کے مدنظر تقویٰ اور اللہ تعالیٰ کی رضا رہے۔ اب ان چند الفاظ کے ساتھ میں نکاح کا اعلان کرتا ہوں۔

اس کے بعد حضور انور نے فریقین میں ایجاب وقبول کروایا، رشتہ کے بابرکت ہونے کے لئے دعا کروائی اور فریقین کو شرف مصافحہ بخشتے ہوئے مبارکباد دی۔

(مرتبہ: مکرم ظہیر احمد خان صاحب مربی سلسلہ)

# چند نعتیہ اشعار

محمدؐ کا جہاں پر آستاں ہے
زمیں کا اتنا ٹکڑا آسماں ہے

.....................

پیمبروں کے بیانوں میں گونجنے والا
وہ نام سارے زمانوں میں گونجنے والا

.....................

ہر اک التجا سے پہلے ہر اک التجا کے بعد
آتا ہے لب پہ نام محمدؐ خدا کے بعد

.....................

رحمت سید لولاکؐ پہ کامل ایماں
امت سید لولاکؐ سے ڈر لگتا ہے

.....................

دور تاریکی ہوئی نور کا ہالہ پھیلا
آپؐ آئے تو زمانے میں اجالا پھیلا
علم و حکمت سے مزین ہوئے جب شاہ زمن
شہر میں گاؤں میں قرآں کا حوالہ پھیلا
شرق میں غرب میں اصحاب نبیؐ پھیل گئے
ان کی کوشش سے بھی اسوہ شہ والا پھیلا
معجزہ ہے یہ شہ کون و مکاں کا زندہ
کم سے کم وقت میں یہ دین نرالا پھیلا

.....................

جب بھی دیکھا ہے تجھے عالم نو دیکھا ہے
مرحلہ طے نہ ہوا تیری شناسائی کا

.....................

اک دکھ کا سمندر نظر آتی ہے یہ دنیا
اک شخص مگر اس میں جزیرے کی طرح ہے

☆..................☆..................☆

مکرم مقصود احمد منصور صاحب مربی سلسلہ

# اجتماع خدام واطفال گی آنا ساؤتھ امریکہ

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے امسال مجلس اطفال الاحمدیہ اور مجلس خدام الاحمدیہ کا سالانہ اجتماع مورخہ 3 تا 5 جنوری 2015ء کروانے کی توفیق ملی۔

3 جنوری 2015ء کو بعد نماز مغرب وعشاء مشنری انچارج احسان اللہ مانگٹ صاحب نے افتتاحی خطاب اور دعا کے ساتھ آغاز کروایا۔ سب سے پہلے پیغام رسانی اور مشاہدہ معائنہ کا مقابلہ ہوا۔ پیغام رسانی میں دو ٹیمیں شامل ہوئی۔ جبکہ مشاہدہ معائنہ میں تمام خدام واطفال کو شامل کیا گیا۔

اگلے روز نماز تہجد کا اہتمام کیا گیا۔ تمام خدام اطفال اس میں شامل ہوئے۔ نماز تہجد کے بعد درس قرآن کریم اور نماز فجر ادا کی گئی۔ سب سے پہلے کرکٹ اور فٹ بال کا میچ ہوا۔ انفرادی مقابلہ جات میں 100 میٹر ریس، 400 میٹر ریس اطفال کے لئے اور 100 میٹر ریس، 800 میٹر ریس، شارٹ پُٹ اور سٹریچ گیم۔ خدام کے لئے تھیں۔ مگر ریت نہ ملنے کی وجہ سے لانگ جمپ کی جگہ ایک اور کھیل رکھی گئی۔ جس میں ایک ربڑ کے دائرے کو کسی پول کے ساتھ اڑا دیا جاتا ہے اور اس ربڑ کے دائرے میں آدمی داخل ہوجاتا ہے۔ پھر اس کو یہ کوشش کرنی ہوتی ہے کہ وہ ربڑ کو کھینچ کر زیادہ سے زیادہ دور لے جاسکے۔ اور جہاں اس کا آخری قدم پڑتا ہے وہاں پر نشان رکھ دیتا ہے۔ اس کھیل میں جہاں زیادہ زور کی ضرورت ہوتی ہے وہاں توازن قائم رکھنا بھی بہت ضروری ہوتا ہے کیونکہ انسان کو ربڑ بڑے زور سے واپس کھینچ لیتی ہے۔

نماز ظہر کی ادائیگی کے بعد علمی مقابلہ جات شروع ہوئے۔ جن میں تلاوت، حفظِ قرآن کریم، نظم، تقریر، حدیث، دعائیں، قصیدہ اور فی البدیہہ تقاریر شامل تھیں۔ علمی مقابلہ جات شام تک جاری رہے۔

اگلے روز نماز فجر کے بعد خدام کی پہلی شوریٰ منعقد ہوئی۔ جس میں اگلے اجتماع، سالانہ تربیتی کلاس، نیشنل میٹنگ کے بارے مشورے اور فیصلے ہوئے۔ بعدہٗ ناشتہ ہوا اور اختتامی تقریب کا آغاز ہوا۔ جس میں تلاوت، نظم کے بعد تقسیم انعامات ہوئے۔ آخر پر نیشنل صدر جماعت آفتاب احمد ناصر صاحب نے اختتامی خطاب فرمایا۔ اس کے بعد صدر صاحب نے اختتامی دعا کروائی۔

اجتماع پر اطفال وخدام کی کل تعداد 26 تھی۔ اللہ تعالیٰ اس کے اچھے نتائج پیدا کرے۔ آمین

## انہیلر کا استعمال

1۔ انہیلر ہلائیے۔
2۔ سانس پوری طرح خارج کیجئے۔
3۔ انہیلر کا سرا اپنی زبان پر رکھ کر دانتوں سے پکڑ لیجئے۔
4۔ اوپر کا حصہ نیچے دباتے ہوئے گہرا سانس لیجئے۔
5۔ سانس روکے رہیے۔
6۔ منہ سے سانس خارج کرتے ہوئے انہیلر کا اوپر کا دبایا ہوا حصہ چھوڑ دیجئے اور سانس منہ سے خارج کیجئے۔
7۔ دوسری مرتبہ یہ عمل دہرانے سے پہلے ایک منٹ رکئے۔

# بحر عرفان۔ روحانی زندگی کے راز

## حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبات جمعہ 2014ء کے موضوعات

مرتبہ: مکرم محمد محمود طاہر صاحب

قسط دوم آخر

### قربانی کا فلسفہ نیز حقوق اللہ اور حقوق العباد کی ادائیگی کی تلقین

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ عید الاضحیٰ | 6/ اکتوبر | 2014ء |
| خلاصہ الفضل | 10/ اکتوبر | 2014ء |

عید الاضحیٰ اور قربانی کے حقیقی فلسفہ کا بیان۔ حضرت ہاجرہ اور حضرت اسماعیل نے امن و سلامتی کے قیام کے لئے جذبات، آرام اور وقت کو قربان کر دیا۔ حقوق اللہ، حقوق العباد کی ادائیگی کی تلقین۔ تقویٰ کے بغیر قربانی رد جاتی ہے۔

### حقیقی عابد بننے، لغویات سے اعراض اور اعلیٰ اخلاق اپنانے کی تلقین

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 10/ اکتوبر | 2014ء |
| الفضل | 2 دسمبر | 2014ء |

حقیقی عابد بننے، لغویات سے اعراض، اعلیٰ اخلاق اپنانے، بدخلقیاں چھوڑنے کی تلقین، عہدیدار انصاف کے تقاضے پورے کرتے ہوئے فیصلے کریں۔ عفو و درگزر، صبر، حوصلہ اور بردباری کا وصف پیدا کرنے کی ضرورت ہے۔

### دین کو دنیا پر مقدم رکھنے کا عہد اور اس پر عمل پیرا ہونے کی تلقین

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 17/ اکتوبر | 2014ء |
| الفضل | 9 دسمبر | 2014ء |

میں دین کو دنیا پر مقدم رکھوں گا اس فقرہ کی طرف بہت توجہ جماعت کو دلائی جاتی اور اسے دہرایا بھی جاتا ہے۔ یہ فقرہ ایک احمدی کا عہد ہے جس پر اس کی بیعت کا انحصار ہے۔ اللہ تعالیٰ کے احکامات کے تابع زندگی گزارنا اور قول و فعل سے اس کو راضی کرنا دین ہے۔ ہر عہدیدار اس عہد کو پورا کرنے کی کوشش کرے۔ مکرم لطیف عالم بٹ صاحب ابن مکرم خورشید عالم بٹ صاحب آف کامرہ کی شہادت کا ذکر۔

### حضرت مصلح موعود کی روایات سیرت مسیح موعود و مصلح موعود

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 24/ اکتوبر | 2014ء |
| الفضل | 16 دسمبر | 2014ء |

حضرت مصلح موعود کے بیان کردہ واقعات کا ذکر جن میں سبق، نصائح، تاریخ اور سیرت حضرت مسیح موعود اور سیرت مصلح موعود پر بھی روشنی پڑتی ہے۔

### دنیا کی روحانی اور مادی مدد کرنا ہمارا فرض ہے

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 31/ اکتوبر | 2014ء |
| الفضل | 23 دسمبر | 2014ء |

امر معروف نہی عن المنکر، لوگوں کی حقیقی راہنمائی، دعوت الی اللہ یہ احمدیوں کے فرائض ہیں۔ داعیان الی اللہ کی تعداد کو بڑھانا اور فعال کرنا ضروری ہے۔ دنیا کی خیرخواہی کا فریضہ کا بیان۔

### مالی قربانی کی اہمیت اور تحریک جدید کے سال نو کا اعلان

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 7 نومبر | 2014ء |
| الفضل | 30 دسمبر | 2014ء |

مالی قربانی کی اہمیت، مالی قربانی کرنے والے مخلصین کے ایمان افروز واقعات اور تحریک جدید کے 81 ویں سال کا اعلان۔ تحریک جدید مالی سال گزشتہ کے کوائف۔ پاکستان اول پھر جرمنی، برطانیہ اور امریکہ نمایاں رہے۔ جماعت نے 84 لاکھ 70 ہزار سے زائد پونڈز کی قربانی پیش کی۔

### حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی روایات سیرت مسیح موعود و مصلح موعود

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 14 نومبر | 2014ء |
| الفضل | 6 جنوری | 2015ء |

حضرت مصلح موعود کے کچھ بیان فرمودہ واقعات بیان کئے جو حضرت مسیح موعود کی زندگی اور حضرت مصلح موعود کے بعض پہلوؤں پر روشنی ڈالتے ہیں۔ ایم ٹی اے پاکستان کے بعض پروگرامز میں روایات کا خیال نہیں رکھا گیا۔ بعض مرحومین کا تذکرہ۔

### تائید الٰہی اور قبولیت دعا کے واقعات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 21 نومبر | 2014ء |
| الفضل | 13 جنوری | 2015ء |

قبولیت دعا کے واقعات، نشانات اور خدائی تائیدات کے بارے میں حضرت مسیح موعود کی تحریرات، ماموری کی باتوں اور نصائح پر عمل کی تلقین۔ مرحوم درویشان قادیان کا تذکرہ۔

### اللہ سے استعانت و دعا مانگنا اور اس کی عبادت کرنا

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 28 نومبر | 2014ء |
| الفضل | 20 جنوری | 2015ء |

انسان دنیاوی سہاروں کو ہی اپنے مقاصد کی کامیابی کا ذریعہ سمجھتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ ہی اصل استمداد کا حق رکھتا ہے اور مدد کرتا ہے۔ خدا سے مدد چاہتے ہوئے اس کی عبادت کرتے اس کے در پر جھک جائیں۔ اضطراب کی دعا کام آتی ہے۔ ایاک نعبد و ایاک نستعین کی تشریح۔

### اللہ، رسول اور اولوالامر کی اطاعت کا حکم

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 5 دسمبر | 2014ء |
| الفضل | 27 جنوری | 2015ء |

اللہ تعالیٰ، رسول اللہ اور اولوالامر کی اطاعت سے متعلق حکم قرآنی کی پُرمعارف تشریح۔ فرمانبرداری کے اصول کو اختیار کئے بغیر کوئی قوم قوم نہیں کہلا سکتی۔

### حضرت مسیح موعود کی سچائی اور تائید و نصرت کے واقعات

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 12 دسمبر | 2014ء |
| الفضل | 3 فروری | 2015ء |

حضرت مصلح موعود کے ارشادات کی روشنی میں حضرت مسیح موعود کی سچائی، مقام و مرتبہ اور خدائی تائید و نصرت کے واقعات کا بیان۔ مقدمہ اقدام قتل کا تفصیلی ذکر۔ کپتان ڈگلس کے نواسے کا بیعت کی درخواست کرنا۔

### پشاور میں سکول کے بچوں کے بہیمانہ واقعہ قتل کی مذمت

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 19 دسمبر | 2014ء |
| الفضل | 10 فروری | 2015ء |

حضور انور نے 16 دسمبر 2014ء کو پشاور کے ایک سکول میں ہونے والی بدترین دہشت گردی کے واقعہ کی پُرزور مذمت کی جس میں ظالموں نے معصوم بچوں کو بہیمانہ طور پر درندگی اور سفاکی کا مظاہرہ کرتے ہوئے قتل کر دیا۔ انسانی ہمدردی کی تعلیم کا بیان۔ مرحومین کا تذکرہ۔

### جلسہ سالانہ قادیان کے حوالہ سے جلسہ کے مقاصد اور ان کا حصول

| | | |
|---|---|---|
| خطبہ جمعہ | 26 دسمبر | 2014ء |
| الفضل | 17 فروری | 2015ء |

حضور انور نے جلسہ قادیان اور بعض دوسرے ممالک کے جلسہ ہائے سالانہ کے تناظر میں جلسہ سالانہ کے مقاصد اور روحانی انقلاب کے حصول کی کوششوں کے بارہ میں خطبہ ارشاد فرمایا اور بعض ہدایات بھی دیں۔ مکرم احمد شمشیر سوکیا صاحب کا ذکر خیر فرمایا۔

## خطبات جمعہ 2014ء کے علاوہ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کے دیگر خطابات و پیغامات مطبوعہ الفضل 2014ء

| خطاب | مطبوعہ الفضل | عنوان |
|---|---|---|
| 29 دسمبر 2013ء | یکم جنوری 2014ء | جلسہ سالانہ قادیان کے موقع پر بیت الفتوح سے اختتامی خطاب کا خلاصہ |
| 26 دسمبر 2004ء | 23 جنوری 2014ء | قادیان کے 113 اور جماعت فرانس کے 13 ویں جلسہ سالانہ سے احمدیہ مشن ہاؤس بیت السلام فرانس سے خطاب کا متن |
| 16 جون 2013ء | 8 فروری 2014ء | مجلس شوریٰ جماعت احمدیہ برطانیہ کے اختتامی اجلاس سے خطاب بمقام بیت الفتوح لندن |
| 29 جون 2013ء | 22 فروری 2014ء | جلسہ سالانہ جرمنی کے موقع پر مستورات سے خطاب کا متن |
| | 14 مارچ 2014ء | جماعت احمدیہ گوئٹے مالا کے جلسہ 2013ء کے لئے حضور انور کے پیغام کا اردو ترجمہ |
| 31/ اگست 2013ء | 15 مارچ 2014ء | جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقع پر مستورات سے خطاب کا متن |
| مارچ 2014ء | 27 مارچ 2014ء | ممبران شوریٰ پاکستان 2014ء کے نام حضور انور کا پیغام |
| 7 جون 2013ء | 10/ اپریل 2014ء | اجتماع خدام الاحمدیہ یو۔کے بمقام اسلام آباد ٹلفورڈ سے اختتامی خطاب کا متن |
| 11 جنوری 2014ء | 11/ اپریل 2014ء | جامعہ احمدیہ برطانیہ کے دوسرے سالانہ کانووکیشن سے خطاب |
| 31/ اگست 2013ء | 21،19،18/ اپریل 2014ء | جلسہ سالانہ برطانیہ 2013ء سے دوسرے روز کے خطاب کا متن (تین اقساط میں) |
| 6/ اکتوبر 2013ء | 3 مئی 2014ء | جماعت احمدیہ آسٹریلیا کے 30 ویں جلسہ سالانہ کے موقع پر سڈنی میں اختتامی خطاب کا متن |
| 5/ اکتوبر 2013ء | 8 مئی 2014ء | جلسہ سالانہ آسٹریلیا کے موقع پر سڈنی میں مستورات سے خطاب |
| 11 فروری 2014ء | 16 مئی 2014ء | گلڈ ہال لندن میں منعقدہ تاریخی مذاہب عالم کانفرنس سے خطاب |
| 18 جنوری 2014ء | 29 مئی 2014ء | بیت النور کراﺅلی ویسٹ سسکس برطانیہ کے افتتاح پر خطاب |
| 4 جون 2014ء | 14 جون 2014ء | بیت مبارک ویزبادن جرمنی کی تقریب سنگ بنیاد سے خطاب |
| | 18 جون 2014ء | الفضل کی صد سالہ جوبلی پر حضور انور کا پیغام |
| 14 جون 2014ء | 19 جون 2014ء<br>18 جولائی 2014ء | جلسہ جرمنی کے موقع پر مستورات سے خطاب کا خلاصہ |
| 15 جون 2014ء | 20 جون 2014ء<br>19 جولائی 2014ء | جلسہ سالانہ جرمنی سے اختتامی خطاب کا خلاصہ |
| 7 جون 2014ء | 20 جون 2014ء | بیت دارالامان فریدبرگ جرمنی کی افتتاحی تقریب سے خطاب |
| 7 جون 2014ء | 20 جون 2014ء | بیت صادق جرمنی کی تقریب سنگ بنیاد سے خطاب |
| 28 دسمبر 2003ء | 24 جون 2014ء | جلسہ سالانہ قادیان کے موقع پر محمود ہال لندن سے اختتامی خطاب کا متن |
| 9 جون 2014ء | 5 جولائی 2014ء | Neufahrn جرمنی کی بیت المہدی کی افتتاحی تقریب سے خطاب |
| 12 جون 2014ء | 7 جولائی 2014ء | معائنہ انتظامات جلسہ سالانہ جرمنی کے موقع پر کارکنان سے خطاب |
| 14 جون 2014ء | 18 جولائی 2014ء | جلسہ جرمنی کے موقع پر جرمن مہمانوں کے ساتھ پروگرام میں خطاب |
| 19 جنوری 2014ء | 2/ اگست 2014ء | لجنہ اماء اللہ برطانیہ کی عہدیداران کے ریفریشر کورس سے اختتامی خطاب کا متن |
| 29/ اگست 2014ء | 3 ستمبر 2014ء | جلسہ سالانہ برطانیہ سے افتتاحی خطاب کا خلاصہ |
| 24/ اگست 2014ء | 3 ستمبر 2014ء | انتظامات جلسہ سالانہ برطانیہ کے معائنہ کے موقع پر کارکنان سے خطاب |
| 30/ اگست 2014ء | 5 ستمبر 2014ء | جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقع پر مستورات سے خطاب کا خلاصہ |
| 31/ اگست 2014ء | 6 ستمبر 2014ء | جلسہ سالانہ برطانیہ سے اختتامی خطاب کا خلاصہ |
| 30/ اگست 2014ء | 8 ستمبر 2014ء | جلسہ سالانہ برطانیہ سے دوسرے دن کے خطاب کا خلاصہ |
| 22 فروری 2014ء | 13 ستمبر 2014ء | IAAAE یوروپین چیپٹر کے سالانہ سمپوزیم کے موقع پر حضور کے انگریزی خطاب کا اردو ترجمہ |
| 13/ اپریل 2014ء | 17 ستمبر 2014ء | ایم ٹی اے انٹرنیشنل کی تیسری کانفرنس کی اختتامی تقریب سے انگریزی خطاب کا اردو ترجمہ |
| 9 دسمبر 2008ء | 2/ اکتوبر 2014ء | خطبہ عیدالاضحی بمقام بیت الفتوح لندن |
| 26 ستمبر 2014ء | 18/ اکتوبر 2014ء | بیت مریم گالوے آئرلینڈ کی افتتاحی تقریب سے خطاب |
| 30/ اگست 2014ء | 5 دسمبر 2014ء | جلسہ سالانہ برطانیہ کے موقع پر مستورات سے خطاب |
| 14 جون 2014ء | 13 دسمبر 2014ء | جلسہ سالانہ جرمنی کے موقع پر مستورات سے خطاب |
| 8 نومبر 2014ء | 26 دسمبر 2014ء | 11 ویں امن کانفرنس برطانیہ سے حضور انور کا خطاب |
| 28 دسمبر 2014ء | 31 دسمبر 2014ء | 123 ویں جلسہ سالانہ قادیان سے بیت الفتوح لندن سے اختتامی خطاب |

## حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کے دورہ جات کی رپورٹس 2014ء

| نمبر شمار | نام ملک | رپورٹ مطبوعہ الفضل |
|---|---|---|
| 1 | آئرلینڈ | 24،22،18،17،4/ اکتوبر 2014ء |
| 2 | جاپان | 5،4 جنوری 2014ء |
| 3 | جرمنی | 20،19،14،13 جون۔3،4،5،7،10،18،19 جولائی۔ 9،8،7/ اگست 2014ء |

## حضرت خلیفۃ المسیح الخامس کے فرمودہ خطبات نکاح

| تاریخ خطبہ نکاح | مطبوعہ الفضل |
|---|---|
| 28 جنوری 2012ء | 3 مارچ |
| 22 فروری 2012ء | 6 مارچ |
| 30 مارچ 2012ء | 8 مارچ |
| 8/ اپریل 2012ء | 4/ اپریل |
| 25 فروری 2012ء | 7/ اپریل |
| 23/ اپریل 2012ء | 9/ اپریل |
| 12 فروری 2012ء | 11/ اپریل |
| 14/ اپریل 2012ء | 19/ اپریل |
| 22/ اگست 2012ء | 10 مئی |
| 10 مارچ 2012ء | 17 مئی |
| 5 مارچ 2012ء | 19 مئی |
| 10 جون 2012ء | 22 مئی |
| 11 مئی 2012ء | 6 جون |
| 10 ستمبر 2012ء | 14 جون |
| 23 ستمبر 2012ء | 28 جون |
| 20/ اکتوبر 2012ء | 12 ستمبر |
| 24 نومبر 2012ء | 30 ستمبر |
| 15/ اکتوبر 2013ء | 13/ اکتوبر |

مکرم ڈاکٹر محمد احمد صاحب

# میرے والد محترم حوالدار محمد شفیع صاحب کا ذکر خیر

میرے پیارے والد محترم، ایک لمبی زندگی 92 سال گزار کر 6 مئی 2009ء کو مانچسٹر میں خدا تعالیٰ کو پیارے ہوگئے۔

میرے والد محترم کی زندگی کے دو نمایاں پہلو ہیں۔ ایک قبل از قبول احمدیت اور دوسرا بعد از قبولیت۔ احمدیت میں شامل ہونا تو شاید آسان قدم ہو مگر اس پر استقامت قدرے مشکل بلکہ لوہے کے چنے چبانے کے برابر ہے۔ اس استقامت میں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ وہ اپنے خاندان میں تن تنہا اکیلے احمدی تھے۔ ان کا یہ استقلال ایک کارنامہ ہے۔

میرے اباجان 23 مارچ 1918ء کو انڈیا کے شہر ٹیکم گڑھ مدھیہ پردیش میں، ڈاکٹر وزیر محمد خان صاحب اور رحیم بی بی بائی صاحبہ کے ہاں پیدا ہوئے۔ میرے دادا ابو پیشہ کے اعتبار سے ویٹرنری ڈاکٹر تھے جو مدھیہ پردیش کے مہاراجہ پرتاپ سنگھ کے معالج برائے مویشیاں تھے۔ زیادہ تر گھوڑوں اور ہاتھیوں کی صحت و علاج ان کے سپرد تھا۔ یہ دور میرے والد محترم کی زندگی کا بہت خوب دور تھا۔ مگر جونہی ہندو مسلم فسادات میں تیزی آئی تو دادا ابو کو یہ ملازمت چھوڑنا پڑی اور واپس پنجاب آنا پڑا۔

میرے والد محترم نے بنیادی تعلیم مقامی طور پر ٹیکم گڑھ میں ہی حاصل کی۔ بچپن سے ہی تہجد گزار تھے۔ خود ان کی والدہ محترمہ پنجوقتہ نمازی اور تہجد گزار خاتون تھیں۔ مگر والد محترم کو (دینی) تعلیمات کو مزید جاننے کا شوق تھا۔ مگر دادا ابو اپنے بیٹے کو ڈاکٹر یا انجینئر بنانا چاہتے تھے۔ والد محترم اپنے شوق کی وجہ سے قریبی ریاست میں مدرسہ دیوبند چلے گئے۔ وہاں پانچ سالہ کورس مکمل کیا اور واپس ٹیکم گڑھ تشریف لائے۔ مگر دادا ابو نے ان کو فوج میں بھرتی کروا دیا۔ 1942ء میں دہلی میں برٹش آرمی میں بھرتی ہوئے۔ کچھ عرصہ بعد اپنے دو بھائیوں محمد رفیع شمیم اور محمد خورشید کو بھی فوج میں بھرتی کروایا۔ والد محترم برٹش آرمی کے سلسلے میں ہندوستان کے مختلف چھوٹے بڑے شہروں اور چھاؤنیوں میں مقیم رہے۔ ان میں دہلی، سکندر آباد، رام گڑھ، کانپور، بنگلور، کلکتہ، ممبائی، انبالہ اور لکھنؤ شامل ہیں۔

ہندو مسلم فسادات بڑھنے شروع ہوئے تو دادا ابو 1945ء میں پنجاب چلے آئے۔ چونکہ میری دادی اماں قادیان کے قریب گاؤں ننگل سے تھیں۔ لہٰذا دادا ابو پہلے ننگل اور پھر قادیان آگئے۔ یہاں میرے دادا ابو نے احمدیت بھی قبول کی۔

انڈیا کی پارٹیشن کے ہنگامی حالات میں میری والدہ محترمہ امۃ الرشید جن کی اس وقت عمر 14 سال تھی۔ ان کی شادی ان کے پھوپھی کے بیٹے یعنی میرے والد محترم سے کردی گئی۔

میری دادی اماں کے تمام رشتہ دار جو احمدی نہ تھے انہوں نے پیدل قادیان سے پاکستان کے شہر نارووال جانے کا فیصلہ کیا۔ اس وقت قادیان مسلمانوں سے بھرا پڑا تھا۔ لہٰذا ہزاروں کا قافلہ قادیان سے اٹھتا بیٹھتا، مزید چھوٹے بڑے قافلوں کو ساتھ لیتا قادیان سے نارووال کا فاصلہ 9 دنوں میں طے کرتا پاکستان آپہنچا۔ اس سفر میں کافی لوگ مارے گئے۔

میرے والد محترم ملٹری سے ایک ٹرک لے کر قادیان آئے مگر ان کے تمام پیارے گھر چھوڑ چھاڑ کر جا چکے تھے۔ چیزیں ادھر ادھر بکھری پڑی تھیں۔ میرے والد محترم نے قادیان کے گھر کے نل کا پانی پیا، امرود کے درخت کا ایک امرود کھایا اور دو نفل نماز پڑھی اور اس گھر کو ہمیشہ کے لئے اللہ تعالیٰ کے سپرد کر دیا۔ قافلے کے لوگوں کو خیال تھا کہ پاکستان میں داخل ہوتے ہی ان کی بہت آؤ بھگت ہوگی مگر ایسا نہ ہوا۔ نارووال میں یہ قافلہ پھر مختلف سمتوں میں بٹ گیا۔ دادا ابو سیالکوٹ کی کبوتروں والی احمدیہ بیت الذکر میں آگئے۔ یہاں لوکل جماعت نے ان کی بہت مہمان نوازی کی۔

میرے والد محترم اور چچا جان محمد رفیق شمیم ہندوستان سے اپنے والدین سے بچھڑ چکے تھے۔ ریڈیو پاکستان سے دادا ابو نے پیغام دیا۔ وہ کسی طرح محترم والد صاحب اور چچا جان کو ملا اور یہ دونوں بیٹے کبوتروں والی احمدیہ بیت الذکر سیالکوٹ آپہنچے۔ دونوں ایک ہی دن آئے، یہ دن اس فیملی کے لئے بہت خوشی کا دن تھا۔

میرے دادا ابو سیالکوٹ اور پھر ڈسکہ میں کام کرتے رہے اور پھر بعد میں ڈسکہ میں ایک گاؤں بھلر آگئے۔ یہاں انہوں نے زمین بھی خریدی۔ مگر اچانک ان کی وفات 1953ء اسی گاؤں میں ہوئی۔ اس وفات سے اس خاندان کا ایک اکیلا احمدی چراغ گل ہوگیا۔ بعد ازاں میری دادی اماں سب بچوں کو لے کر فیصل آباد آگئیں۔

پاکستان میں میرے والد محترم نے چند ماہ محکمہ جیل میں کام کیا مگر جیل کا ماحول پسند نہ آیا۔ پھر دوبارہ آرمی کی نوکری شروع کی اور پاکستان آرمی میں راولپنڈی میں بھرتی ہوئے۔ پاکستان آرمی میں الیکٹریکل مکینیکل انجینئرنگ EME کے شعبہ ہیوی ڈیوٹی وہیکل کے مکینک کے طور پر پاکستان کے مختلف شہروں میں تعینات رہے۔ ان شہروں میں راولپنڈی، چکلالہ، سیالکوٹ، کھاریاں، بھمبر، کوئٹہ اور آخر میں لاہور شامل ہیں۔ 1969ء میں لاہور آراے بازار سے ریٹائر ہوئے۔ فوج کی نوکری، برٹش آرمی اور پاکستان آرمی کل مل ملا کر 27 سال خدمت کی۔ تین جنگوں میں حصہ لیا۔ دوسری عالمی جنگ، رن کچھ کی جنگ اپریل 1965ء اور ستمبر 1965ء کی جنگ کھیم کرن۔ سات تمغے، تین برٹش آرمی کی طرف سے اور چار پاکستان آرمی کی طرف سے اعلیٰ فنی مہارت جرأت اور مثالی کردار پر عطا ہوئے۔

اپریل 1965ء میں رن کچھ میں دشمن کو اس کے علاقہ میں دھکیلا اور ایک وسیع علاقہ فتح کیا۔ اس جنگ کے ہیرو ایک احمدی بریگیڈیئر افتخار جنجوعہ تھے۔ جنرل صاحب کی بریگیڈ میں میرے والد محترم بھی ایک احمدی نڈر بہادر فوجی تھے جو ٹینکوں کو لے جانے والے لوڈر ٹرکوں کے مکینک کے طور پر اللہ تعالیٰ پر مکمل توکل کے ساتھ کام کرتے اور ٹینکوں کی ترسیل کے لئے ہیوی ڈیوٹی ٹرکوں کو ہمہ وقت تیار رکھتے۔

اسی سال ستمبر میں 1965ء میں میرے والد محترم لاہور کے قریب کھیم کرن کے محاذ پر تھے۔ اس محاذ پر میرے والد کے یونٹ نے فتح حاصل کی۔ والد محترم کا یونٹ 11 میڈیم جو کوئٹہ سے آیا تھا۔ فتحیاب ہو کے واپس چھاؤنی آیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے اس یونٹ کا کوئی بھی فوجی مارا نہیں گیا۔

میرے والد محترم کا جماعت احمدیہ میں شمولیت بھی خدا کا ایک فضل خاص ہے۔ 1950ء میں میرے والد محترم کے ایک دوست جو فوج میں تھے، احمدی تھے، انہوں نے آپ کو دعوت الی اللہ کی اور میرے والد محترم پر اس پر جلد اثر ہوا۔ 1952ء میں والد محترم ربوہ جلسہ سالانہ کے لئے تشریف لائے۔ اس جلسہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی تقریریں سنیں اور احمدیت میں شمولیت کا فیصلہ کیا اور حضور کے ہاتھ پر بیعت کی۔ **اس وقت میرے والد محترم پان کھاتے اور سگریٹ پیتے تھے۔ احمدی ہوتے ہی ان دونوں عادتوں سے بھی چھٹکارہ حاصل کیا** اور اسی سال انہوں نے ربوہ میں ایک رہائشی پلاٹ دارالنصر غربی میں خریدا۔ والد محترم کے چھوٹے بھائی محمد رفیع شمیم صاحب نے بھی احمدیت قبول کی اور ان کی شادی چوہدری محمد حسین صاحب اوورسیئر دارالبرکات کی بیٹی نسیم صاحبہ سے ہوئی۔

فوج کے کام کے دوران کئی لوگوں عام سپاہی اور افسران نے صرف احمدی ہونے کی وجہ سے تنگ کیا۔ آپ حضرت خلیفۃ المسیح الثانی کی خدمت میں چٹھی لکھ دیتے اور یوں ہوتا جیسے اللہ کی مشینری ان مخالفین کے خلاف چلنی شروع ہوگئی ہو۔

فوج سے ریٹائر ہونے کے بعد والد محترم اسلام نگر فیصل آباد اپنی والدہ کے پاس آگئے۔ 1969ء سے 1977ء یہاں مقیم رہے۔ یہاں ہمارا حلقہ کریم نگر تھا۔ اسی قیام میں 1974ء کے دوران احمدی احباب کی املاک کو جلایا جاتا رہا۔ ایک ہفتہ ہماری بھی باری آئی۔ ہم بچوں کو آس پاس کے رشتہ داروں کے گھر میں رکھا گیا مگر والد محترم گھر پر ہی رہے۔ میرے تمام چچا، پھوپھیوں نے ہمارا ساتھ دیا اور یہ بلاٹل گئی اور ہمارا گھر اللہ تعالیٰ نے محفوظ رکھا۔

تمام رشتہ دار والد محترم کی دعوت پر فیصل آباد سے ربوہ، جماعت احمدیہ فیصل آباد کے انتظام کے تحت بسوں پر آتے۔ جلسہ کی کارروائی سنتے، حضور کی تقریروں کو یاد رکھتے اور بعد ازاں مختلف اوقات میں ان باتوں کا تذکرہ کرتے۔ جلسہ سالانہ ربوہ میں مختلف لوگوں کو قادیان سے تعلق رکھنے اور ان سے مل کر بہت خوشی محسوس کرتے۔ میری پھوپھیاں اور دیگر رشتہ دار حضرت اماں جان حضرت خلیفۃ المسیح الثانی اور رفقاء مسیح موعود کے مزاروں پر دعا کرتے۔ تمام خاندان کے لوگ جلسہ ربوہ کے دنوں کو یاد کرتے ہیں کہ یہ دن بہت ہی پاک وروشن دن تھے۔

فیصل آباد کے بعد میرے والد محترم دارالنصر غربی ربوہ میں 1977ء سے 2000ء تک مقیم رہے۔ اس دور کا تذکرہ صدر محلہ مکرم ملک یوسف سلیم صاحب واقف زندگی نے یوں کیا کہ گرمی سردی گرج بادل آندھی ہوا طوفان، کچھ بھی ہو میں نے مکرم محمد شفیع حوالدار صاحب کو بیت الذکر میں اول وقت میں پہلی صف میں پایا۔ بیت الذکر میں خاموشی سے آتے اور خاموشی سے چلے جاتے۔ حضور کو اکثر خط لکھتے اور یقین رکھتے کہ خط لکھنے میں بڑی برکت ہے۔ چندوں میں اپنی بساط کے مطابق بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے اور یہ بھی اول وقت میں چندوں کو ادا کرتے۔ اللہ تعالیٰ ان سے خوش ہو۔

انگلستان 1998ء میں پہلی دفعہ اور پھر دوسری مرتبہ 2000ء میں آئے۔ 2000ء سے تا وقت وفات مانچسٹر انگلستان میں اپنے بیٹے اور بہو کے پاس رہے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی تحریک پر بیت الفتوح کے لئے دو ہزار پاؤنڈ چندہ دیا۔ 2003ء اپریل میں حضور کی وفات پر بہت روئے اور چہرہ دیکھنے کے لئے لندن اور نماز جنازہ کے لئے اسلام آباد بھی گئے۔

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے دورہ مانچسٹر 2004ء میں حضور سے بغل گیر ہو کر ملے اور بہت خوش ہوئے۔ 2000ء سے 2006ء تک کے تمام جلسے پوری دلی لگن، چاہت سے سنے۔ 2005ء کے جلسہ سالانہ پر بہت خوش تھے۔

2008ء میں ان کی صحت خراب ہونا شروع ہوئی اور ٹانگوں میں کمزوری رہی۔ بالآخر 6 مئی بروز بدھ 2009ء کو آپ وفات پاگئے۔

جنازہ مکرم داؤد قریشی صاحب مربی سلسلہ حال سکاٹ لینڈ گلاسگو نے دارالامان مانچسٹر میں پڑھائی۔ اسی روز جنازہ پاکستان لایا گیا۔ ربوہ میں ان کی نماز جنازہ دارالنصر غربی کی بیت اقبال میں صدر محلہ مکرم ملک یوسف سلیم صاحب نے پڑھائی۔ بعد ازاں تدفین قبرستان عام میں ہوئی۔ قبر تیار ہونے پر دعا بھی ملک یوسف سلیم صاحب نے کروائی۔

اللہ تعالیٰ نے میرے والد محترم کو سات بیٹے اور دو بیٹیاں عطا کیں۔ 7 پوتے اور 8 پوتیاں اور 2 نواسے اور 2 نواسیاں۔ مزید 4 پڑپوتے اور 3 پڑپوتیاں۔ کل ملا کر 44 احمدی نفوس میرے والد محترم اور والدہ محترمہ امۃ الرشید صاحبہ کو عطا ہوئے ہیں۔ میری والدہ محترمہ اللہ تعالیٰ کے فضل سے حیات اور مانچسٹر میں اپنی بیٹی ناصرہ محمود کے پاس مقیم ہیں۔

اللہ تعالیٰ میرے والدین کی اولاد کو اور ہر احمدی کی اولاد کو ایک سے ہزار کرے۔ ان سب کو اللہ تعالیٰ اور اس کے دین سے پیار کو قائم و دائم رکھے۔

# وصایا

**ضروری نوٹ**

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ)

### مسل نمبر 118843 میں ABDUL RAZAK

ولد YUSUF قوم...... پیشہ ملازمتیں عمر 53 سال بیعت 1990ء ساکن AGRIC ملک Nigeria بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10/08/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1,500 Naira ماہوار بصورت INCOME مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ ABDUL RAZAK گواہ شد نمبر1۔ NURUDDIN S/O OYEKOLA گواہ شد نمبر 2۔ ABDUL HANIY S/O DARAMOLA

### مسل نمبر 118844 میں SODEEQ

ولد MUHAMMAD قوم...... پیشہ تدریس عمر 34 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن IJEBU ODE ملک Nigeria بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 10/08/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے Naira-/43,000 ماہوار بصورت INCOME مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ SODEEQ گواہ شد نمبر1 IBRAHEEM S/O GHAZAL گواہ شد نمبر2 RIDINAMALLAH S/O ORISADARE

### مسل نمبر 118845 میں ABDUL RAZAQ

ولد YUSUF قوم...... پیشہ کسان عمر 66 سال بیعت 1970ء ساکن IBADAN ملک Nigeria بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 17/08/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/10,000 Naira ماہوار بصورت INCOME مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ منظوری سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ ABDUL RAZAQ گواہ شد نمبر 1۔ NURUDDIN S/O OYEKOLA گواہ شد نمبر2۔ ABDUL HAKEEM S/O ARIYO

### مسل نمبر 118846 میں FAUZIYAH ASOKE

زوجہ ALIMI قوم...... پیشہ TEACHER عمر 43 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن ILARO ملک Nigeria بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 21/07/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1. HAQ MEHR 35,000/- Naira اس وقت مجھے مبلغ -/12,000 روپے ماہوار بصورت INCOME مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ FAUZIYAH ASOKE گواہ شد نمبر1۔ MAHMUD S/ ALAKA گواہ شد نمبر 2۔ MUYUEEN S/O AREEM

### مسل نمبر 118847 میں KUDRAT MOLABKE

ولد AKINTUNDE قوم...... پیشہ پینشنر عمر 54 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن LESLIE ملک Nigeria بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 21/06/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1.HAQ MEHR 12,000/- Naira اس وقت مجھے مبلغ Naira -/10,000 ماہوار بصورت INCOME مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ KUDIRAT MOLABAKE گواہ شد نمبر1۔ MAHMUD S/O ALAKA گواہ شد نمبر 2۔ HAROON S/O IDOLA

### مسل نمبر 118848 میں IDAYAT ADEOLA

ولد زوجہ IDOWU قوم...... پیشہ درزی عمر 31 سال بیعت پیدائشی احمدی 1999ء ساکن LESLIE ملک Nigeria بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 21/06/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1.HAQ MEHR 20,000/- Naira. اس وقت مجھے مبلغ Naira -/10,000 ماہوار بصورت INCOME مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ IDAYAT ADEOLA گواہ شد نمبر1 MAHMUD S/O ALKA گواہ شد نمبر2۔ HAROON S/O IDOWU

### مسل نمبر 118849 میں ABDUSSALAM

ولد ADEPOJU قوم...... پیشہ طالب علم عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن IBADAN ملک Nigeria بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 01/08/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ Naira -/10,000 ماہوار بصورت INCOME مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد ABDUSSALAM گواہ شد نمبر 1 NURUDDIN S/O OKKOLA گواہ شد نمبر 2۔ ABDUL LATEEF S/O ADELUGAM

### مسل نمبر 118850 میں ADAM

ولد OKE قوم...... پیشہ کاروبار عمر 29 سال بیعت 1996ء ساکن OGUN STATE ملک Nigeria بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 27/07/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے۔ 1.HOUSE 16,00000/- Naira. اس وقت مجھے مبلغ Naira -/40,000 ماہوار بصورت INCOME مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد ADAM گواہ شد نمبر1 SHARAF DEEN S/O OWYEM گواہ شد نمبر2۔ HASSANY S/O AKINTOLA

### مسل نمبر 118851 میں وقاص احمد

ولد منور احمد قوم جٹ پیشہ طالب علم عمر 26 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن TANDOO GHULAM ALI ضلع BADIN ملک PAKISTAN بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 26/09/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2,000 Pakistani Rupee ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ وقاص احمد گواہ شد نمبر1۔ منور احمد ولد حکیم محمد جمیل گواہ شد نمبر2۔ بشارت احمد ولد حکیم محمد جمیل

### مسل نمبر 118852 میں جہانزیب

ولد خالد حسین قوم کھوکھر پیشہ طالب علم عمر...... بیعت پیدائشی احمدی ساکن LATIF ABAD ضلع HYDER ABAD ملک PAKISTAN بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 27/08/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/2,000 Pakistani Rupee ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ جہانزیب احمد گواہ شد نمبر1۔ یونس علی آصف ولد عبدالرحیم گواہ شد نمبر2۔ زاہد حسین ولد محمد حسین

### مسل نمبر 118853 میں طلحہ مبارک

ولد مبارک احمد قوم جٹ پیشہ طالب علم عمر 19 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن LATIF ABAD 6 ضلع HYDER ABAD ملک PAKISTAN بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 01/07/2014 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی۔ اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/1,000 Pakistani Rupee ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ طلحہ مبارک گواہ شد نمبر1۔ یونس علی آصف ولد عبدالرحیم گواہ شد نمبر2۔ مبارک احمد ولد نذیر احمد

### مسل نمبر 118854 میں زکیہ بیگم

زوجہ منیر احمد قوم آرائیں پیشہ خانہ داری عمر 39 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن CHAKK 646/GB ٹھٹھہ کالو کا ضلع ٹنڈو الہ یار ملک PAKISTAN بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 06/04/2014 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصہ کی مالک صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے۔ 1۔ زیور طلائی 1 تولہ ...... Pakistani Rupee. 2۔ بکری ......1 Pakistani Rupee 3۔ حق مہر Pakistani Rupee-/15,000 اس وقت مجھے مبلغ Pakistani Rupee -/500 ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصہ داخل صدر انجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ زکیہ بیگم گواہ شد نمبر1۔ رانا محمد سلیمان ولد داؤد احمد رنا گواہ شد نمبر2۔ حسان محمود ولد زاہد محمود شیخ

# اطلاعات و اعلانات

**نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔**

## ولادت

۞ مکرم رانا محمد شریف صاحب نصیر آباد رحمان ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کی بیٹی مکرمہ رخسانہ شریف صاحبہ زوجہ مکرم لقمان احمد صاحب ولد مکرم مسعود احمد صاحب آف چک 388 ضلع فیصل آباد کو اللہ تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے مورخہ 15 فروری 2015ء کو پہلی بیٹی عطا فرمائی ہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ہادیہ لقمان نام عطا فرمایا ہے۔ نومولودہ کی صحت و سلامتی والی، نیک، خادمہ دین، والدین کے لئے قرۃ العین بننے کی دعا کیلئے درخواست ہے۔

## سانحہ ارتحال

۞ مکرم ڈاکٹر ملک عبدالقیوم صاحب دارالرحمت غربی ربوہ تحریر کرتے ہیں۔

میرے والد محترم ملک عبدالرب صاحب ولد ملک غلام نبی صاحب ساکن دارالرحمت غربی ربوہ مورخہ 16 مارچ 2015ء کو طویل علالت کے بعد بعمر 84 سال وفات پا گئے۔ اگلے روز بعد نماز ظہر محترم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح و ارشاد مقامی نے بیت المبارک ربوہ میں ان کی نماز جنازہ پڑھائی۔ موصی ہونے کی وجہ سے تدفین بہشتی مقبرہ میں عمل میں آئی۔ اور قبر تیار ہونے پر محترم شیخ مبارک احمد صاحب ناظر مال آمد نے دعا کروائی۔ مرحوم ربوہ کے ابتدائی مکینوں میں سے تھے اور ربوہ کی ایک معزز اور معروف کاروباری شخصیات میں سے تھے۔ آپ سادہ، مخلص، ملنسار اور مہمان نواز تھے۔ نماز باقاعدگی کے ساتھ باجماعت ادا کیا کرنے والے، دعا گو اور تہجد گزار تھے۔ خلافت سے محبت اور عشق تھا۔ اور افراد خاندان حضرت مسیح موعود کا احترام کرنے والے تھے۔ بیماری کا عرصہ آپ نے انتہائی صبر اور ہمت سے گزارا۔ آپ شفیق باپ، ہمدرد، غریب پرور اور صدقہ خیرات کرنے والے تھے۔ چندوں اور مالی قربانی میں ہمیشہ پیش پیش رہتے تھے۔ آپ کو 1953ء میں کچھ عرصہ حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے ساتھ اسیری میں گزارنے کا شرف بھی حاصل ہوا۔ کچھ عرصہ اپنے محلّہ میں نائب صدر کے طور پر بھی کام کیا۔ اور علاوہ ازیں مختلف عہدوں پر بھی کام کرتے رہے۔ آپ نے میرے علاوہ تین بیٹیاں مکرمہ فریدہ یوسف صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ ضلع قصور اہلیہ مکرم شیخ محمد یوسف قمر صاحب امیر ضلع قصور، مکرمہ امۃ الشکور طلعت صاحبہ اہلیہ مکرم ڈاکٹر محمد عامر خان صاحب پیتھالوجسٹ فضل عمر ہسپتال ربوہ، مکرمہ امۃ المجیب طاہرہ صاحبہ اہلیہ مکرم قریشی جمال احسن صاحب دارالرحمت وسطی ربوہ، 4 پوتیاں، 5 نواسے اور 5 نواسیاں یادگار چھوڑی ہیں۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو غریق رحمت کرے، جنت الفردوس میں اعلیٰ علیین میں مقام عطا کرے اور ان کے درجات بلند فرمائے نیز تمام پسماندگان کو ان کی نیکیاں جاری رکھنے اور صبر جمیل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## درخواست دعا

۞ مکرم حافظ سید مشہود احمد صاحب مربی سلسلہ استاد جامعہ احمدیہ U.K تحریر کرتے ہیں۔

میری والدہ محترمہ نسیم محمود صاحبہ زوجہ مکرم محمود احمد صاحب کو چیسٹ کینسر تھا علاج کرایا گیا۔ اللہ تعالیٰ نے شفاء عطا فرمائی۔ کچھ عرصہ قبل ایکسرے وغیرہ اور دیگر ٹیسٹ کرائے تو پھیپھڑوں کی نالیوں میں کینسر کا خدشہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔ لیاقت نیشنل ہسپتال کراچی میں داخل ہیں پھیپھڑوں میں پانی بھی پڑ گیا ہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ کامل صحت عطاء فرمائے اور ہر قسم کی پیچیدگی سے محفوظ رکھے۔ آمین

۞ مکرم ناصر احمد بھلّی صاحب مربی سلسلہ نظارت رشتہ ناطہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کے بڑے بھائی مکرم چوہدری محمد اکرم بھلّی صاحب لندن تقریباً ایک سال سے Lung Cancer کی وجہ سے بیمار ہیں۔ کیموتھراپی اور ریڈیوتھراپی کے بعد دوسری مرتبہ ان کی کیموتھراپی ہو رہی ہے۔ نیز والدہ محترمہ بھی ضعیف العمری کی وجہ سے مختلف عوارض میں مبتلا ہیں۔ احباب سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ دونوں کو شفاء کاملہ و عاجلہ عطا فرمائے اور جملہ پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔ آمین

## پتہ درکار ہے

۞ مکرمہ روبینہ کنول صاحبہ زوجہ مکرم راشد اقبال صاحب وصیت نمبر 39474 نے مورخہ 15 ستمبر 2004ء کو کنری ضلع میر پور خاص سے وصیت کی تھی۔ سال 2009ء سے موصیہ کا دفتر سے رابطہ نہ ہے۔ اگر موصیہ خود یہ اعلان پڑھیں یا کسی کو ان کے موجودہ پتہ یا فون نمبر کا علم ہو تو دفتر ہذا کو جلد از جلد مطلع فرمائیں۔ ان کا آخری ایڈریس کورنگی کالونی کراچی تھا۔

۞ مکرمہ شاہدہ صغیر صاحبہ زوجہ مکرم صغیر احمد صاحب وصیت نمبر 40903 نے مورخہ 5 نومبر 2004ء کو اقصیٰ کالونی شہداد پور ضلع سانگھڑ سے وصیت کی تھی۔ سال 07-2006ء سے موصیہ کا دفتر سے رابطہ نہ ہے۔ اگر موصیہ خود یہ اعلان پڑھیں یا کسی کو ان کے موجودہ پتہ یا فون نمبر کا علم ہو تو دفتر ہذا کو جلد از جلد مطلع فرمائیں۔ ان کا آخری ایڈریس اقصیٰ کالونی شہداد پور ضلع سانگھڑ تھا۔

۞ مکرمہ مریم رفیق صاحبہ بنت مکرم وقار غنی صاحب وصیت نمبر 40320 نے مورخہ 5/اکتوبر 2004ء سے واہ کینٹ ضلع راولپنڈی سے وصیت کی تھی۔ سال 2007ء سے موصیہ کا دفتر سے رابطہ نہ ہے۔ اگر موصیہ خود یہ اعلان پڑھیں یا کسی کو ان کے موجودہ پتہ یا فون نمبر کا علم ہو تو دفتر ہذا کو جلد از جلد مطلع فرمائیں۔ ان کا آخری ایڈریس 12G-19 واہ کینٹ ضلع راولپنڈی تھا۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز ربوہ)

☆☆..........☆..........☆☆

## مستحق طلبہ کی امداد میں حصہ لیں

علم کا فروغ اور اس کی روشنی دنیا میں پھیلانا دین حق کا بنیادی مشن ہے۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کو خدائے عزوجل نے پہلی وحی میں فرمایا اقرأ کہ پڑھ اللہ کے نام سے جس نے تجھے پیدا کیا آپ ﷺ نے فروغ علم کے لئے بے پناہ جدوجہد کی۔ آپ ﷺ نے تحصیل علم کو جہاد قرار دیا یہاں تک فرما دیا کہ علم حاصل کرو خواہ تمہیں چین ہی کیوں نہ جانا پڑے پھر فرمایا کہ پنگھوڑے سے قبر تک علم حاصل کرو۔

سیدنا حضرت مسیح موعود نے تو خدا تعالیٰ سے خبر پا کر ہمیں یہ نوید دی کہ

میرے فرقہ کے لوگ اس قدر علم اور معرفت میں کمال حاصل کریں گے۔

(تجلیات الٰہیہ۔ روحانی خزائن جلد 20 صفحہ 409)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے فرمایا:

اگر ہم اپنی غفلت کے نتیجہ میں اچھے دماغوں کو ضائع کر دیں تو اس سے بڑھ کر اور کوئی ظلم نہیں ہوگا۔ پس جو طلبہ ہونہار اور ذہین ہیں ان کو بچپن سے ہی اپنی نگرانی میں لے لینا چاہئے اور انہیں کامیاب انجام تک پہنچانا جماعت کا فرض ہے۔

(خطبات ناصر جلد اول صفحہ 85)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا۔

اگر کوئی بچہ مالی کمزوری کی وجہ سے تعلیم حاصل نہیں کر رہا تو جماعت کو بتائیں، کوئی بچہ مالی کمزوری کی وجہ سے تعلیم سے محروم نہیں رہے گا۔ لیکن بچوں کو تعلیم سے محروم رکھنا ان پر ظلم ہے۔

(مشعل راہ جلد پنجم حصہ اول صفحہ 145)

اسی طرح آپ نے مزید فرمایا۔

طلبہ کی امداد کا فنڈ ہے۔ تعلیم بھی بہت مہنگی ہو چکی ہے۔ اگر طلبہ اور والدین بچوں کے پاس ہونے کے موقع پر اس مد میں بھی رقم دیں تو کئی مستحق طلبہ کی مدد ہو سکتی ہے۔ اگر ہر طالب علم سال میں دس پندرہ پاؤنڈ ہی دے تو غریب ملکوں میں ایک طالبعلم کے سال بھر کی کاپیوں کتابوں کا خرچ پورا ہو سکتا ہے۔

(الفضل انٹرنیشنل 26 اکتوبر 2007ء)

پس آیئے! حضرت مسیح موعود کے مشن کو پورا کرنے کیلئے خلفاء کے ارشادات پر والہانہ لبیک کہتے ہوئے ہم بھی اس کار خیر میں کچھ حصہ ڈالیں۔ اس کے لئے نظارت تعلیم صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ میں ایک شعبہ امداد طلبہ کے نام سے قائم ہے۔ اس کے تحت سینکڑوں طلباء کی مدد کی جاتی ہے، سالانہ داخلہ جات، ماہوار ٹیوشن فیس، درسی کتب کی فراہمی، یونیفارم اور دیگر تعلیمی ضروریات میں حسب گنجائش معاونت کی جاتی ہے۔

عطیہ جات براہ راست نگران امداد طلبہ نظارت تعلیم یا خزانہ صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ کی مد امداد طلبہ میں بھجوائے جا سکتے ہیں۔

فون نمبرز: 0092 47 6215 448

0092 47 6212 473

موبائل نمبر: 0333 6706649

Email: info@nazarattaleem.org

Website: www.Nazarattaleem.org

(نظارت تعلیم)

☆......☆......☆......☆

عطیہ چشم خدمت خلق ہے

خالص سونے کے زیورات کا مرکز
کاشف جیولرز گولبازار
الفضل جیولرز ربوہ
فون دکان: 047-6215747
رہائش: 047-6211649
میاں غلام مرتضیٰ محمود

گوندل کے ساتھ پچاس سال
☆ گوندل کراکری سے گوندل بینکوئیٹ ہال
☆ ترقی معیار اور خدمت کی گولڈن جوبلی
بکنگ آفس: گوندل کیٹرنگ گولبازار ربوہ
ہال: سرگودھا روڈ ربوہ
فون: 0300-7709458, 0301-7979258, 6212758

## نیلامی سامان

۞ دفتر جائیداد کے سٹور میں ناکارہ سامان کی نیلامی مورخہ 13/اپریل 2015ء کو 8:30 بجے صبح ویئر ہاؤس صدر انجمن احمدیہ دارالنصر وسطی میں ہوگی۔ خواہشمند حضرات استفادہ فرمائیں۔ نیلامی کی رقم موقع پر دینا ہوگی۔

### سامان نیلامی

کرسیاں ریوالونگ+لکڑی، گیزر، جنریٹر، فریج، الیکٹرک سامان متفرق، سیلنگ فین، ٹیلی فون سیٹ، فوٹو سٹیٹ مشین، متفرق سکریپ لوہا، متفرق سامان پلاسٹک، سامان متفرق لکڑی پلے وغیرہ۔

(ناظم جائیداد صدر انجمن احمدیہ پاکستان ربوہ)

## گمشدہ اشیاء

مکرم غلام رسول صاحب بینک روڈ احمد نگر تحریر کرتے ہیں کہ چنیوٹ سے ربوہ بذریعہ رکشہ آتے ہوئے ایک عدد شاپر کہیں گر گیا ہے۔ جس میں کچھ نقدی اور کاغذات ہیں۔ جن صاحب کو ملیں مجھے پہنچا دیں یا اطلاع کر دیں۔ 0345-9727714

## درخواست دعا

۞ مکرم بشیر احمد صاحب ناصر آباد غربی ربوہ تحریر کرتے ہیں کہ خاکسار کی اہلیہ صاحبہ بلڈ پریشر اور شوگر کی وجہ سے فضل عمر ہسپتال میں زیر علاج ہیں۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو صحت وتندرستی والی فعال زندگی دے۔ آمین

## تعطیل

۞ مورخہ 28 مارچ 2015ء کو روزنامہ الفضل شائع نہ ہوگا۔ ایجنٹ حضرات اور قارئین کرام نوٹ فرمالیں۔


**لیڈی مووی میکر اینڈ فوٹو گرافر**

گھر کی تمام تقریبات کی ویڈیو اور فوٹوگرافی لیڈی مووی میکر اینڈ فوٹوگرافر سے کروائیں۔

سپاٹ لائٹ ویڈیو اینڈ فوٹو 27/4 دارالنصر غربی ربوہ

0300-2092879, 0333-3532902

**قابل علاج امراض**

ہیپاٹائٹس۔ شوگر۔ بلڈ پریشر

**الحمید ہومیو کلینک اینڈ سٹورز** ڈاکٹر عبدالحمید صابر (ایم۔اے)

فون: 047-6211510
0344-7801578
عمر مارکیٹ اقصیٰ چوک ربوہ

**مکان برائے فروخت**

ربوہ کے بالکل وسط میں دارالصدر جنوبی ربوہ بالمقابل ایوان محمود مکان 3/13 بمعہ دکانیں برائے فروخت ہے

رابطہ: انس احمد ابڑو حال لندن

فون: 0044-7917275766

(ڈیلر حضرات سے معذرت)

**فیصل ٹریڈنگ کمپنی اینڈ ہارڈ ویئر سٹور**

چپ بورڈ، پلائی ووڈ، ویز بورڈ، لیمینیشن بورڈ فلش ڈور، مولڈنگ کے لئے تشریف لائیں۔

نیز گھروں کی تعمیر اور انٹیریئر ڈیکوریشن کی جاتی ہے

145۔ فیروز پور روڈ جامعہ اشرفیہ لاہور
Cell:0332-4828432,0323-3354444

طالب دعا: قیصر خلیل خاں

**Skylite NETWORKS — Need Following Staff**

**1. Android Developer:**
*Requirements:*
- Master or Bachelor Degree in Computer Sciences.
- Minimum of 1 Year Experience in Apps Development.
- Strong OOP Concept.
- Strong Command on Java, Visual Basic, C#, ASP.net. Javascript, C++, XML

**2. iOS Developer:**
*Requirements:*
- Master of Bachelor Degree in Computer Sciences.
- Strong OOP Concept.
- Minimum 1 Year Experience With iOS Development: Objective C, XCode, UI Kit,Cocoa Touch & Apple HIG

**3. Server Administrator: (Linux Cloud Server - Web)**
*Requirements:*
- Minimum Graduation.
- Full Command on Linux.
- Minimum 1 Year Experience of Cloud Server Management Especially AWS

For Further Information
Contact Us: at +92 47-6215742
or
Send Your CVs at Jobs@skylite.com

Address: Skylite Networks (Pvt.) Ltd.
4/14, 2nd Floor Bank Al-falah,
Gole Bazar, Rabwah,
Distt. Chiniot, Pakistan.

*For Genuine TOYOTA Parts*

**AL-FURQAN**

**MOTORS PVT LIMITED**

Ph:
021-2724606
2724609

47- Tibet Centre
M.A. Jinnah Road,
KARACHI



TOYOTA, DAIHATSU

ٹویوٹا گاڑیوں کے ہر قسم کے اصلی پرزہ جات درج ذیل پتہ پر حاصل کریں

**الفرقان موٹرز لمیٹڈ**

فون نمبر 021-2724606
2724609

47۔ تبت سنٹر ایم اے جناح روڈ کراچی نمبر 3


### ربوہ میں طلوع وغروب 27۔مارچ

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 4:42 |
| طلوع آفتاب | 6:02 |
| زوال آفتاب | 12:14 |
| غروب آفتاب | 6:27 |

### ایم ٹی اے کے اہم پروگرام

27مارچ 2015ء

| | |
|---|---|
| 8:45 am | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 11:55 pm | حضور انور کے اعزاز میں انٹاریو میں استقبالیہ تقریب 16 جولائی 2012ء |
| 1:25 pm | راہ ہدیٰ |
| 4:00 pm | دینی وفقہی مسائل |
| 6:00 pm | Live خطبہ جمعہ |


خدا تعالیٰ کے فضل و رحم کے ساتھ

**اٹھوال فیبرکس**

لان ہی لان 2015 کی تمام ڈیزائنز کی لان دستیاب ہے۔ نجوہ لان۔ سوہانی لان۔ اتحاد لان بے بی پرنٹ لان کی تمام ورائٹی چیلنج ریٹ پر

ملک مارکیٹ ریلوے روڈ ربوہ اعجاز احمد اٹھوال: 0333-3354914

**کلاسیکا پٹرولیم احمد نگر**

احمدی بھائیوں کا اپنا پٹرول پمپ

معیار اور مقدار میں۔ ایک نیا نام

با اخلاق عملہ۔ ٹک شاپ کی سہولت

24 گھنٹے نان اسٹاپ سروس

0331-6963364,047-6550653

چلتے پھرتے بروکروں سے سیمپل اور ریٹ لیں۔ وہی ورائٹی ہم سے 50 پیسے یا 1 روپیہ کم ریٹ میں لیں

گنتیا (معیاری پیمائش) کی گارنٹی کے ساتھ

ہماری خواہش ہے کہ آپ کی لاعلمی کی وجہ سے کوئی ناجائز فائدہ نہ اٹھا سکے۔ سرامکس ٹائل بھی دستیاب ہے۔

**اظہر ماربل فیکٹری**

15/5 باب الابواب درہ سٹاپ ربوہ

موبائل: 03336174313

FR-10